85190 ـ طلبا کے نمبر بہتر بنانے کے لیے دوبارہ امتحان لینا

سوال

ایك طالبہ کہتی ہے کہ: ہم نے سکول میں ریاضی کا امتحان دیا اور رزلٹ میں ہمارے نمبر بہت تھوڑے رہے، تو ہم نے اپنی ٹیچر سے مطالبہ کیا کہ وہ ہمارا امتحان دوباہ لے تا کہ ہمارے نمبر بہتر آ سکیں، تو اس نے یہ دلیل دے کر ہمارا مطالبہ رد کر دیا کہ ایك شیخ کا فتوی ہے کہ نمبر بہتر بنانے حرام ہیں، تو آپ کی اس کے متعلق رائے کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگر امتحان دوبارہ لینے میں سکول کے نظام کی مخالفت نہ ہوتی ہو، یا آپ کے علاوہ کسی اور پر ظلم نہ ہوتا ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں یہاں ظلم اس طرح ہو سکتا ہے کہ بعض اوقات سکول میں دوسری کلاسیں بھی ہوتی ہیں، جب انہیں ایسا کرنے کی اجازت نہ دی جائے تو ان پر ظلم ہو گا.

اور بعض اوقات اسی کلاس کے بعض طلبہ پر بھی ظلم ہوتا ہے، یا دوسری کلاس کے بعض طلباء پر جنہوں نے اچھے نمبر حاصل کیے ہوتے ہیں امتحان دوبارہ لینے میں انہیں تکلیف اور تنگی ہوگی، یا پھر احتمال ہے کہ ان کے نمبر کم آئیں.

اگر تو بغیر کسی ظلم ہونے کے امتحان دوبارہ لینے ممکن ہوں تو پھر کوئی حرج نہیں، بعض تعلیمی نظام اس بات کی اجازت دیتے ہیں کہ جو طلباء چاہیں وہ دوبارہ امتحان دے سکتے ہیں، اور دونوں امتحانوں میں جو زیادہ نمبر ہونگے وہ انہیں دیے جائیں گے.

اور اگر سکول کا نظام دوبارہ امتحان لینے کو منع کرتا ہو تو پھر محکمہ کی اجازت اور موافقت لینا ضروری ہے.

واللہ اعلم .